نیوز ریلیز

آٹو انشورنس کے بارے میں آپ کی رائے

26 اپریل، 2024 میڈیا استفسارات

البرٹا کی حکومت البرٹا کے شہریوں کی جانب سے اس حوالے سے رائے لینا چاہتی ہے کہ آٹو انشورنس کو طویل مدت کے لیے مزید قابل استطاعت اور مستحکم کیسے بنایا جائے۔

کینیڈا بھر میں مرمت کی لاگتوں، پرزوں کی قلت، گاڑی چوری، اور بڑی تعداد میں ذاتی حادثاتی چوٹوں اور قانونی لاگتوں جیسے تمام عوامل کے باعث آٹو انشورنس کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔

البرٹا کے شہریوں کو سادہ، مزید قابل استطاعت اور مستحکم انشورنس سسٹم کی ضرورت ہے جو انہیں اور ان کے خاندانوں کو سڑک پر تحفظ دے سکے۔ البرٹا کے شہریوں کی جانب سے تاثرات اکٹھے کرنے کے لیے حکومت ایک آن لائن عوامی شمولیت کا سروے لانچ کر رہی ہے تاکہ یہ جان سکیں کہ وہ اپنی آٹو انشورنس کے حوالے سے کس چیز کو اہم سمجھتے ہیں اور اس حوالے سے انہیں کیا درکار ہے۔

"ہم آٹو انشورنس کی بڑھتی ہوئی لاگتوں کے پیچیدہ مسئلے کے طویل المدتی حل کے حوالے سے نتیجہ خیز اقدامات کے لیے سخت کوششیں کر رہے ہیں۔ سسٹم کی بہتری کے لیے جب ہم اپنے اختیارات پر غور کرتے ہیں، تو ہمیں اس حوالے سے البرٹا کے شہریوں کے خیالات اور تجربات سے آگہی کی ضرورت ہوتی ہے۔ آٹو انشورنس کو قابل استطاعت اور پائیدار رکھنے کے حوالے سے ان کے تاثرات درست راستے کے انتخاب میں ہماری مدد کریں گے۔"

نیٹ ہارنر (Nate Horner)، صدر ٹریژری بورڈ اور وزیر خزانہ

"البرٹا کے شہریوں کے لیے کم قیمت اولین ترجیح ہے۔ ہمیں یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ہم انہیں پیسوں کی بچت میں مدد دینے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں، اور ہم اسی وجہ سے آٹو انشورنس کی کم تر قیمتوں کے لیے بہترین آپشنز کے ضمن میں ان کے ساتھ مشاورت کرنے جا رہے ہیں۔"

نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf)، وزیر برائے استطاعت اور افادیت

البرٹا کی حکومت نے خود مختار ماہرین سے ایسے سسٹمز کی تلاش کے حوالے سے درخواست کی ہے کہ جو آٹو انشورنس کی لاگتوں میں تخفیف کر سکتے ہیں اور انشورنس انڈسٹری کی پائیداری اور استحکام پذیری کو بہتر کر سکتے ہیں۔

اولیور وائمین (Oliver Wyman) نے کینیڈا کے بیشتر حصوں میں موجودہ آٹو انشورنس کے مختلف سسٹمز کے تحت اوسط پریمیئمز کا موازنہ کرنے کے اپنے کام پر توجہ مرکوز کی ہے۔ ناؤس گروپ (Nous Group) نے آٹو انشورنس کے ان مختلف

ماڈلز کی جامع لاگتوں اور فوائد کا تقابلی جائزہ لیا ہے۔ البرٹا کے آٹو انشورنس سسٹم میں کی جانے والی تبدیلیوں کے ضمن میں کوئی فیصلے نہیں کیے گئے۔ یہ رپورٹس مستقبل کی شراکتوں اور پالیسیز کے حوالے سے مطلع کرنے کے لیے استعمال ہوں گی۔

"ہم جانتے ہیں کہ حادثات کے دعوئ جات کی بڑھتی ہوئی لاگتوں کے سدباب کے حوالے سے اصلاحات کے بغیر، آٹو انشورنس کے پریمیئمز بڑھنا جاری رکھیں گے۔ ہم البرٹا کے تمام ڈرائیورز کی جانب سے اس حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لیے آن لائن عوامی شمولیت کے سروے میں شرکت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اپنی آٹو انشورنس میں کس چیز کو اہم سمجھتے ہیں اور اس سے کیا توقع رکھتے ہیں۔

جیمی ہوٹ (Jamie Hotte)، آٹو موبائل انشورنس ریٹ بورڈ

البرٹا کے شہری اولیور وائمین اور ناؤس گروپ کی رپورٹس آن لائن، نیز مختصر خلاصہ جات پڑھ سکتے ہیں جو کہ سروے کے حوالے سے پس منظر اور سیاق و سباق فراہم کرتے ہیں۔

فوری حقائق

- سروے بروز بدھ، 26 جون، 2024 تک کھلا رکھا جائے گا۔

متعلقہ معلومات

- آٹو موبائل انشورنس ریفارم
- رپورٹ: البرٹا میں آٹو انشورنس میں تبدیلیاں (بشمول اولیور وائمین اور ناؤس گروپ کے تجزیات)
- آٹو انشورنس شمولیت

متعلقہ خبریں

- آٹو انشورنس کی تبدیلیوں سے اچھے ڈرائیورز کا فائدہ (1 نومبر، 2023)

میڈیا کے استفسارات

جسٹن براٹنگا (Justin Brattinga)

587-357-2956
پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اور فنانس